1989ء سے مسلسل اشاعت | 5 تا 18 اگست 2022 | شمارہ نمبر 33-32 | جلد نمبر 34

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-


**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبد الغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# رائٹنگ پرنٹنگ پیپر نیو یا برانڈ: کسٹم اپیلٹ ٹریبونلز کے فیصلوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر ایف ٹی او میں درخواست


کراچی (پیپر بزنس نیوز) سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کے محمد اسلم جیلانی نے وفاقی ٹیکس محتسب سے اپیل کی ہے کہ ایف بی آر، چیف کلکٹر کسٹم اپریزمنٹ ساؤتھ، کلکٹر کسٹم ماڈل کسٹم کلکٹریٹ اور ایڈیشنل کلکٹر کسٹم ماڈل کسٹم کلکٹریٹ اپریزمنٹ کے خلاف کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کی جانب سے دیئے گئے 13 اکتوبر اور 27 نومبر 2021 کے فیصلوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر انضباطی کارروائی کی جائے۔ یہ درخواست انہوں نے نیو یا برانڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے سلسلے میں کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے فیصلوں کو نظر انداز کر کے درآمد کنندہ سے اضافی کسٹم ڈیوٹی کی وصولی کے خلاف دائر کی ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ ایف بی آر اب تک ان افسران کے خلاف کارروائی سے گریز کر رہا ہے۔ جو کسٹم کی فیکٹ فائنڈنگ کا اختیار رکھنے والی اتھارٹی کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے فیصلوں پر عملدرآمد سے گریزاں ہے۔ ان فیصلوں میں ٹریبونل نے ایف بی آر کے پبلک نوٹس نمبر 01/2021 مورخہ 27 نومبر 2021 کو کسٹم کے سی جی او نمبر 12/2001 مورخہ 15 جون 2002 میں درج ہدایات کے برخلاف قرار دیا تھا۔ اس کے علاوہ وزارت قانون و انصاف حکومت پاکستان کے میمورنڈم مورخہ 3 ستمبر 2019 کے بھی منافی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ جب تک کوئی اعلیٰ عدالت ٹریبونل کے خلاف حکم امتناعی جاری نہ کرے اس وقت تک اس کے فیصلوں پر اس کی اصل روح کے مطابق عمل کرنا لازمی ہے۔

## ضروری اعلان

8 تا 10 اگست محرم الحرام کی تعطیلات کے باعث پیپر مارکیٹ اور ہفت روزہ پیپر بزنس کے دفاتر بند رہیں گے لہٰذا آئندہ شمارہ 19 اگست کو شائع ہوگا۔

# 2004 کے پیپر امپورٹرز کے ریفنڈ کا معاملہ

## درآمد کنندگان کا محمد سلیم بیکیا چیف ایگزیکٹو آئی بی ایم کی رہنمائی میں ایف ٹی او سے رجوع



کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس، بزنس مین پینل کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آئی بی ایم محمد سلیم بیکیا نے بتایا ہے کہ وہ پیپر امپورٹرز سے 2002 میں اپنے کئے گئے وعدے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے بدستور کوششیں کر رہے ہیں اور اس سلسلے میں پیپر و پیپر بورڈ کے جن امپورٹرز نے کسٹم کے پاس تقریباً ساڑھے چھ کروڑ روپے کی جو رقم جمع کرائی تھی اس کے ریفنڈ کے لیے عدالتوں سے کامیابی حاصل کر چکے ہیں لیکن اب تک کسٹم نے اس پر عملدرآمد نہیں کیا ہے انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں اب وفاقی ٹیکس محتسب سے رجوع کر لیا گیا ہے اور امپورٹرز کی جانب سے ایف ٹی او میں ایف بی آر سے ریفنڈ دلوانے کے لیے درخواستیں دائر کر دی گئی ہیں اور انشا اللہ دو ماہ میں اس کا فیصلہ امپورٹرز کے حق میں آ جائے گا اور جلد امپورٹرز کو ان کی رقوم واپس مل جائیں گی۔

# حکومت پیپر اور پرنٹنگ انڈسٹری کو تباہی سے بچانے کے لیے سبسڈی دے، عابد نثار



کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سابق وائس چیئرمین، کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کی امپورٹ، اینٹی اسمگلنگ سب کمیٹی کے سابق چیئرمین عابد نثار نے حکومت سے پیپر اور پرنٹنگ انڈسٹری کو تباہی سے بچانے کے لیے سبسڈی دینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈالر کی قدر انتہائی بلند سطح پر پہنچنے اور مقامی پیپر ملوں کی منافع خوری کے باعث بحران شدت اختیار کر گیا ہے جبکہ کاغذ کی قیمتیں بڑھنے سے کتابوں اور کاپیوں کی قیمتیں بھی آسمان کو چھو رہی ہیں جس کی وجہ سے نیا تعلیمی سال شروع ہونے کے باوجود طلباء کی اکثریت درسی کتابوں اور کاپیوں سے محروم رہ جائے گی اور قوم کو تعلیم یافتہ بنانے کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکے گا۔ عابد نثار نے حکومت سے اپیل میں نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ کاغذ کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے کے نتیجے میں درسی کتابیں اور کاپیاں اتنی زیادہ مہنگی ہو گئی ہیں کہ عام آدمی کی پہنچ سے دور ہو گئی ہیں لہٰذا حکومت کو اس بارے میں سوچنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پیپر، پرنٹنگ انڈسٹری کو سبسیڈائزڈ کرے تاکہ طلباء کو مناسب داموں درسی کتابیں اور کاپیاں میسر آ سکیں اور ان کا تعلیمی سال ضائع ہونے سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے زائد نرخ، ڈالر کی قدر میں مسلسل اضافے کی وجہ سے پہلے ہی کاروباری لاگت میں بے پناہ اضافہ ہو گیا ہے اور سونے پر سہاگہ سیاسی عدم استحکام نے بھی تاجر برادری کو مشکلات سے دوچار کیا ہوا ہے۔ برآمدات کم ہو رہی ہیں مگر حکومت کو کوئی پرواہ نہیں بلکہ سیاستدان صرف کرسی کے چکر میں معیشت کا بیڑہ غرق کرنے پر تُلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سنگین معاشی بحران اور ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر تاجر برادری پریشان ہے کہ آنے والے دنوں میں کاروبار کیسے چلے گا۔ عابد نثار کا کہنا تھا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے مگر افسوس کاروباری و صنعتی سرگرمیوں کے مرکز شہرِ کراچی کو بری طرح نظر انداز کیا جاتا ہے جو بھی حکومت آتی ہے وہ کراچی کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کرتی ہے۔ انفرااسٹرکچر بہت ہی بری حالت میں ہے۔ انہوں نے شکوہ کیا کہ کراچی کے لیے پیکیجز کا اعلان تو کیا جاتا ہے مگر افسوس فنڈز نہیں دیے جاتے اور پیکیجز صرف اعلانات تک ہی محدود رہتے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے درخواست کی کہ تجارت وصنعت کو تباہ ہونے سے بچانے کے لیے حکومت سنجیدہ اقدامات کرے تاکہ معیشت کو بحرانوں سے نکالا جا سکے۔ پاکستان نے ہمیں بہت کچھ دیا ہمیں بھی اس ملک کو کچھ دینا چاہیے۔ دنیا میں ہماری بڑی عزت ہے اس وقار کو ہمیں بلند رکھنا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ نئے ڈیم بنائے جائیں تاکہ پانی کو ضائع ہونے سے بچایا جا سکے جس سے بجلی کی پیداوار بڑھائی جا سکتی ہے اور صنعتوں کو سستی بجلی ملنے کے ساتھ ساتھ فصلوں کو بھی سیراب کیا جا سکے گا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پین، بال پین، پنسل اور دیگر اسٹیشنری آئٹمز کی نئی رولنگ ــــــ کا اجراء

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹریٹ کسٹم ویلیو ایشن کسٹم ہاؤس کراچی کے ڈائریکٹر ویلیو ایشن سید فواد علی شاہ نے 28 جولائی 2022 کو اسٹیشنری آئٹمز کی ویلیو ایشن رولنگ 1684/2022 جاری کردی ہے۔ رولنگ میں چائنا، یورپ، جاپان، یو ایس اے، کینیڈا، تائیوان اور دیگر ممالک سے درآمد ہونے والی اسٹیشنری آئٹمز کی ویلیو جاری کی گئی ہے۔ رولنگ میں بال پین، ہر قسم کے مارکر، ڈرائینگ مارکر، ہائی لائٹرز، پنسل، کلر پنسل و دیگر آئٹمز شامل ہیں۔ رولنگ میں مختلف ممالک کی قیمتوں میں رد و بدل کیا گیا ہے۔ اس سے قبل رولنگ نمبر 1598/2022 جاری کی گئی تھی اس مرتبہ کلر پنسل بلک پیکنگ (ہاف سائز) اور فل سائز کی علیحدہ علیحدہ رولنگ دی گئی ہے۔ اس رولنگ کا اطلاق پارکر، شیفر، سوفٹ بلینک، کراس واٹر پین، سیلر، لیمی، ارورا اور دیگر یکساں برانڈ پر نہیں ہوگا۔ سامنے سابقہ نئی اور نئی رولنگ کا تقابلی چارٹ دیا جا رہا ہے۔

| S. No. | Description of goods | PCT | WeBOC | Origin | Customs Values (C&F US$) per piece Ruling No. 1379 27-6-2019 | Customs Values (C&F US$) per piece Ruling No. 1598 4-2-2022 | New Customs Values (C&F US$) per piece Ruling No. 1684 28-7-2022 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) | (4) | (5) | (6) | (7) | (8) |
| 1 | Ball Point Pens (Excluding Gel Pen and Roller Pen) | 9608.1000 | 9608.1000.1000 | China / Vietnam | 0.09/Pc | 0.10/Pc | 0.09 |
| | | | 9608.1000.1100 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.13/Pc | 0.15/Pc | 0.13 |
| | | | 9608.1000.1200 | Other Origins | 0.11/Pc | 0.13/Pc | 0.11 |
| 2 | Markers all types (Except paint and drawing markers) | 9608.2000 | 9608.2000.1000 | China / Vietnam | 0.17/Pc | 0.19/Pc | 0.17 |
| | | | 9608.2000.1100 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.35/Pc | 0.37/Pc | 0.35 |
| | | | 9608.2000.1200 | Other Origins | 0.26/Pc | 0.28/Pc | 0.26 |
| 3 | Paint & Drawing Marker | 9608.2000 | 9608.2000.1300 | China / Vietnam | 0.33/Pc | 0.35/Pc | 0.28 |
| | | | 9608.2000.1400 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.63/Pc | 0.65/Pc | 0.63 |
| | | | 9608.2000.1500 | Other Origins | 0.48/Pc | 0.50/Pc | 0.48 |
| 4 | Highlighters | 9608.2000 | 9608.2000.1600 | China / Vietnam | 0.16/Pc | 0.18/Pc | 0.16 |
| | | | 9608.2000.1700 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.26/Pc | 0.30/Pc | 0.26 |
| | | | 9608.2000.1800 | Other Origins | 0.23/Pc | 0.26/Pc | 0.23 |
| 5 | Fine Liner Pens | 9608.2000 | 9608.2000.1900 | China / Vietnam | 0.16/Pc | 0.18/Pc | 0.16 |
| | | | 9608.2000.2000 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.28/Pc | 0.30/Pc | 0.28 |
| | | | 9608.2000.2100 | Other Origins | 0.18/Pc | 0.22/Pc | 0.18 |
| 6 | Fountain Pen with Plastic cap | 9608.3000 | 9608.3000.1000 | China / Vietnam | 0.18/Pc | 0.21/Pc | 0.18 |
| | | | 9608.3000.1100 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.47/Pc | 0.56/Pc | 0.47 |
| | | | 9608.3000.1200 | Other Origins | 0.28/Pc | 0.34/Pc | 0.28 |
| 7 | Roller Pen | 9608.2000 | 9608.2000.2200 | China / Vietnam | 0.26/Pc | 0.28/Pc | 0.23 |
| | | | 9608.2000.2300 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.38/Pc | 0.42/Pc | 0.28 |
| | | | 9608.2000.2400 | Other Origins | 0.33/Pc | 0.35/Pc | 0.26 |
| 8 | Gel Pen | 9608.2000 | 9608.2000.2500 | China / Vietnam | 0.16/Pc | 0.18/Pc | 0.16 |
| | | | 9608.2000.2600 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.28/Pc | 0.30/Pc | 0.20 |
| | | | 9608.2000.2700 | Other Origins | 0.23/Pc | 0.26/Pc | 0.18 |
| 9 | Fiber Tip Coloring Pen with water base ink for student use excluding Fine Liner Pen, Permanent Markers, White Board Markers, Highlighters & Gel Pen etc. | 9608.2000 | 9608.2000.2800 | China / Vietnam | 0.08/Pc | 0.092/Pc | 0.08 |
| | | | 9608.2000.2900 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.14/Pc | 0.17/Pc | 0.14 |
| | | | 9608.2000.3000 | Other Origins | 0.11/Pc | 0.13/Pc | 0.11 |
| 10 | Pen with Tips on Both Sides | 9608.2000 | 9608.2000.3100 | China / Vietnam | 0.17/Pc | 0.20/Pc | 0.17 |
| | | | 9608.2000.3200 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.32/Pc | 0.37/Pc | 0.32 |
| | | | 9608.2000.3300 | Other Origins | 0.26/Pc | 0.31/Pc | 0.26 |
| 11 | Fountain Pen with Metal cap | 9608.3000 | 9608.3000.1300 | China / Vietnam | 0.24/Pc | 0.29/Pc | 0.24 |
| | | | 9608.3000.1400 | Europe/ Japan/ USA/ Canada | 0.56/Pc | 0.70/Pc | 0.56 |
| | | | 9608.3000.1500 | Other Origins | 0.37/Pc | 0.46/Pc | 0.37 |
| 12 | Colour Pencils in cardboard Box packing (Half size) | 9609.1000 | 9609.1000.1000 | China | 6.00/kg | 0.25/Pc | 0.0150 |
| | | | 9609.1000.1100 | Other Origins | 8.75/Kg | 0.32/Pc | 0.0225 |
| 13 | Colour pencils in Metals Box Packing (Half Size) | | 9609.1000.1200 | China | 5.30/Kg | 0.32/Pc | 0.0215 |
| | | | 9609.1000.1300 | Other Origins | | | 0.0311 |
| 14 | Colour pencils in Cardboard Box Packing (Full Size) | | 9609.1000.1400 | China | 8.00/Kg | 0.04/Pc | 0.0294 |
| | | | 9609.1000.1500 | Other Origin | 2.55Kg | 0.42Pc | 0.0426 |
| 15 | Colour pencils in Metals Box Packing (full Size) | | 9609.1000.1600 | China | 3.45Kg | 0.63/Pc | 0.040 |
| | | | 9609.1000.1700 | Other Origins | 2.50Kg | 0.059Pc | 0.05568 |
| 16 | Colour Pencils in Bulk packing (Half Size) | | 9609.1000.1800 | China | — | — | 0.012 |
| | | | 9609.1000.1900 | Other Origin | — | — | 0.0165 |
| 17 | Colour Pencils in Bulk packing (Full Size) | | 9609.1000.2000 | China | — | — | 0.0264 |
| | | | 9609.1000.2100 | Other Origin | — | — | 0.0370 |
| 18 | Black Lead pencils with or without Rubber Tip in bulk packing | | 9609.1000.2200 | China | — | — | 0.024 |
| | | | 9609.1000.2300 | Other Origin | 5.00/Kg | 0.0338/Pc | 0.036 |
| 19 | Black Lead pencils with or without Rubber Tip in retail packing | | 9609.1000.2400 | China | 1.90/Kg | 0.05/Pc | 0.026 |
| | | | 9609.1000.2500 | Other Origin | 2.40/Kg | 0.039/Pc | 0.039 |
| 20 | Raw Pencils (Black Lead) Without polish paint | | 9609.1000.2600 | All Origins | — | 0.03/pc | 0.022 |
| 21 | Crayons | | 9609.1000.2700 | China | | 0.40/ Packet 12 Small size | 0.40 / Packet 12 Small size |
| | | | 9609.1000.2800 | Other Origins | | 0.48/ Packet 12 Small size | 0.48 / Packet 12 Small size |
| | | | 9609.1000.2900 | China | | 0.60/ Packet 12 Large size | 0.60 / Packet 12 Large size |
| | | | 9609.1000.3000 | Other Origins | | 0.73/ Packet 12 Large size | 0.73 / Packet 12 Large size |
| 22 | Oil Pastels | 9609.1000 | 9609.1000.3100 | China | | 0.40/ Packet 12 Small size | 0.32 / Packet 12 Small size |
| | | | 9609.1000.3200 | Other Origins | | 0.48/ Packet 12 Small size | 0.38 / Packet 12 Small size |
| | | | 9609.1000.3300 | China | | 0.60/ Packet 12 Large size | 0.46 / Packet 12 Large size |
| | | | 9609.1000.3400 | Other Origins | | 0.73/ Packet 12 Large size | 0.56 / Packet 12 Large size |
| 23 | Writing/Drawing Board (Black/White) | 9610.0000 | 9610.0000.1000 | China | | 0.85/ Small size | 0.65 / Small size |
| | | | 9610.0000.1100 | Other Origins | | 1.02/ Small size | 0.65 / Small size |
| | | | 9610.0000.1200 | China | | 1.43/ Large size | 1.10 / Large size |
| | | | 9610.0000.1300 | Other Origins | | 1.72/ Large size | 1.10 / Large size |

**Note:** This Valuation Ruling does not apply to the high-end brands like Parker, Sheaffer, Mont Blanc, Cross, Waterman, Sailor, Lamy, Aurora and other equivalent brands.

## پرتعیش اشیا کے دو ہزار کنٹینرز شپنگ چارجز، ڈیمرج کے باعث کلیئر نہیں ہو رہے

کراچی (بزنس ڈیسک) ممنوعہ لگژری آئٹمز سے لدی 2000 کے قریب کراچی کی بندرگاہ پر پھنسی ہوئی ہیں بندرگاہوں، کلیئرنس کا انتظار کرنے والے سامان میں ہوا والا پانی، جوس، چاندلیئرز، کاسمیٹکس، مچھلی کی مصنوعات، سفری بیگز، پاؤں کا سامان، آئس کریم، ٹشو پیپرز، چاکلیٹ وغیرہ۔ ان کنٹینرز کا کرایہ تقریباً 200,000 امریکی ڈالر ہوسکتا ہے۔ ہر کنٹینر کی اوسط ڈیوٹی تقریباً 300000 روپے بتائی گئی ہے اور ڈیوٹی کی تخمینی رقم اور اگر ان کو جاری کیا جائے تو ٹیکس 7 ارب روپے بنتے ہیں۔ ایڈیشنل کلکٹر HQ-I، اسلام آباد کی طرف سے آل پاکستان شپنگ کے سیکرٹری کو لکھے گئے خط کے مطابق ایسوسی ایشن (APSA) نے تاخیر اور حراستی چارجز کو معاف کرنے کا اعلیٰ سطح پر فیصلہ کیا ہے۔ SRO 598/22 مورخہ 19-5-2022 کے تحت لگژری آئٹمز کی کنسائنمنٹس پر پابندی ہے۔ اس فیصلے کو عمل میں لانا ابھی باقی ہے جب تک کہ SRO 598/2022 مورخہ 19-5-2022 کو منسوخ نہیں کیا جاتا یا چھوڑ دیا گیا، ان کنٹینرز کو جاری نہیں کیا جاسکا۔ جن اشیاء پر پابندی لگائی گئی ہے ان میں سے زیادہ تر پاکستان میں تیار نہیں ہوتیں اور ایف پی سی سی آئی اور دیگر تجارتی اداروں کے ذرائع کا کہنا ہے کہ درآمد کنندگان کی بڑی مقدار کو بلاک کیا جا رہا ہے۔ درآمد کنندگان نے ایف پی سی سی آئی کے سامنے اپنے تحفظات اور مسائل کا اظہار کیا ہے جس سے وزیراعظم کو آگاہ کیا گیا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے شبیر منشا نے پرجوش اپیل کے ساتھ کہا۔ انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ جو اشیاء 19-5-2022 سے پہلے کراچی پورٹ کے لیے مختلف بندرگاہوں سے روانہ ہوئی تھیں، انہیں فوری طور پر کلیئر کیا جائے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایف بی آر درآمد کنندگان پر 5 فیصد اور 15 فیصد جرمانہ عائد کر کے بوجھ ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے۔ کنٹینرز جو پہلے پہنچ گئے تھے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

تمام عالم اسلام کو نئے

# 1444 ہجری سال

# مبارکباد کی

ہم دعا گو ہیں کہ یہ نیا ہجری سال نئی صبح، نئی امیدوں کے اجالوں کے ساتھ آئے

اور تمام مسلمانوں کے لئے ترقی وخوشحالی کا باعث ہو

اللہ تعالیٰ اس سال کو ہمارے لئے امن وسلامتی، ایمان واسلام میں استقامت اور

اپنی رضا کا سائباں بنا کر بھیجے اور ہمیں شیطان کے شر سے محفوظ فرمائے، آمین

IBM

منجانب:

محمد سلیم بیکیا (چیئرمین، بزنس مین پینل، آل پاکستان پیپر مرچنٹس) (سابق چیئرمین اپیما)





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ANM

# A N M TRADING CO

**Importer : Paper & Paper Board**

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

21x29.7 cm
500 SHEETS

# 80
GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کرنسی بحران کی بنیادی وجہ بڑھتا ہوا سیاسی انتشار، ملکی صنعتیں متاثر

## 5 ہزار ڈالر سے زائد کی ایل سی کے لیے تجارتی بینک ڈالر دینے سے گریزاں، وجہ اسٹیٹ بینک کی ہدایت قرار دیدی

کراچی (نیوز ڈیسک) سیاسی انتشار اور عدم استحکام سے بڑھتے کرنسی بحران نے ملک کی صنعتوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، کسٹمز ٹیرف چیپٹر 84 اور 85 کی درآمدات پر پابندی سے ملک کی انڈسٹری شدید مشکلات کا سامنا ہے، صنعت کاروں کا کہنا ہے کہ اگر مشینری اور مشینوں کے پرزہ جات نہیں آئیں گے تو انڈسٹری کا بتدریج بند ہونا لازم ہے، کچھ سیکٹرز نے تو پروڈکشن کم بھی کردی ہے۔تفصیلات کے مطابق ملک میں ڈالر کی قلت کے مسئلے پر قابو پانے کے لئے اسٹیٹ بینک کے فارن ایکس چینج ڈیپارٹمنٹ (ایف ای او ڈی) نے اپنے ایک سرکلر کے ذریعے کسٹمز ٹیرف چیپٹر 84 اور 85 کی درآمدات کے لئے ادائیگی اپنی منظوری سے مشروط کردی ہے، ایف ای او ڈی کی اس شرط کے بعد کمرشل بینک درآمد کنندگان کو ڈالر دینے سے گریزاں ہیں، بہت معمولی اور کم مالیت کی کنسائمنٹ کے لئے تو اجازت مل رہی ہے لیکن 5 ہزار ڈالر سے زیادہ کی کنسائمنٹ پر اسٹیٹ بینک ڈالر کی منظوری نہیں دے رہا، 5 جولائی کے جاری کردہ اس سرکلر سے ہر قسم کی پلانٹ اور مشینری، کیپٹل گڈز اور خام مال وغیرہ کی درآمد بند ہوچکی ہے مختلف پورٹس پر 2 ہزار کے قریب کنسائمنٹ پھنس گئی ہیں جبکہ اتنی ہی مقدار میں راستے میں ہیں، اس سے قبل حکومت نے لگژری اشیاء کی درآمد پر پابندی عائد کی تھی جس سے ایک ہزار کے قریب کنسائمنٹ ایک ماہ سے زیادہ عرصے تک پورٹ پر پھنسے رہے اور درآمد کنندگان کو لاکھوں ڈالر کا ڈیمرج شپنگ کمپنیوں کا ادا کرنا پڑ رہا ہے، ذرائع کے مطابق حکومت نے ان لگژری اشیاء کی کنسائمنٹ کی کلیئرنس کا فیصلہ کرنے کے بعد شپنگ کمپنیوں کو ڈیمرج میں رعایت دینے کا کہا لیکن شپنگ کمپنیوں نے 23/جولائی کو کسٹمز کی جانب سے لکھے گئے خط کا 27/جولائی کی شام تک کوئی جواب نہیں دیا۔صنعت کاروں کا کہنا ہے کہ انڈسٹری کو چلانے کے لئے سپلائی چین ہوتی ہے، بڑی صنعتوں کو خام مال کی مسلسل ضرورت ہوتی ہے اسی طرح چیپٹر 84 اور 85 کے تحت مشینوں کے معمولی پرزہ جات بھی شامل ہیں، اس فیصلے کے سب سے زیادہ منفی اثرات، آٹو انڈسٹری، موبائل فون فیکچرز اور بڑی صنعتوں پر پڑے ہیں، سب سے زیادہ پریشان وہ صنعت کار ہیں جن کے کنسائمنٹ پورٹ پر پہنچ چکے ہیں اور ان کو بیرون ملک سے سامان بھیجنے والے رقم کا تقاضا کررہے ہیں لیکن وہ انھیں رقم موجود ہونے کے باوجود بھیج نہیں سکتے، کیش انگیسٹ ڈاکومنٹ (سی اے ڈی) کے تحت مال منگوانے والے صنعت کاروں کا موقف ہے کہ بروقت ادائیگی نہ ہونے سے ان کے کلائنٹ ناراض ہورہے ہیں اور وہ ملک کے مفاد میں انھیں یہ بھی بتانے سے گریزاں ہیں کہ انھیں ڈالر نہیں مل رہے تاہم اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ وہ مستقبل میں انھیں مال نہیں دیں گے۔صنعت کاروں کا کہنا ہے کہ انھیں ناکردہ گناہوں کی سزا مل رہی ہے، ہمارے درآمدی آئٹم ممنوعہ آئٹم نہیں ہیں، یہ انڈسٹری کے آئٹم ہیں، اس حکومتی فیصلے سے ہمیں بھاری ڈیمرج ادا کرنا پڑے گا، دیوالیہ ہم ہونگے، حکومت ہماری انڈسٹری بند کرنا چاہتی ہے، ذرائع کے مطابق ایف پی سی سی آئی، پاکستان بزنس کونسل، صنعت کاروں کی نمائندہ تنظیموں نے اس سلسلے میں اہم حکومتی شخصیات سے رابطہ کرکے مسئلے کی سنگینی سے آگاہ کیا ہے، لیکن مسئلہ تاحال التواء کا شکار ہے، وزارت خزانہ کے ایک افسر کہنا ہے کہ وزارت وہ اس مسئلے سے آگاہ ہیں اس سے بڑھتے مسائل کا بھی انھیں علم ہے لیکن ڈالر پر دباؤ روکنے کے لئے درآمدات پر عائد یہ پابندی اگست کے تیسرے ہفتے تک برقرار رہے گی، آئی ایم ایف سے قسط ملے گی تو یہ پابندی فوری ختم کردی جائے گی، اس سلسلے میں واضح ہدایات موجود ہیں۔

# تاجروں کا احتجاج رنگ لے آیا 150 یونٹ بجلی استعمال کرنیوالے دکانداروں کو فکس ٹیکس میں رعایت کا اعلان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے ماہانہ 150 یونٹ سے کم بجلی استعمال کرنے والے دکانداروں کو فیکس ٹیکس چھوٹ دینے کا اعلان کردیا۔اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیرخزانہ نے کہا کہ چونکہ ڈیڑھ سال سے پی ٹی آئی حکومت نے بجلی کی قیمتیں نہیں بڑھائی اس لیے ابھی جو صارفین کے بلز میں اضافہ فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز لگ کر ہوا وہ اپریل کے بل ہیں، اس میں میرا قصور نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے بجلی کا گردشی قرض 2500 ارب روپے کردیا جبکہ گیس کے شعبے میں جہاں کبھی گردشی قرض کا نام نہیں سنا وہاں بھی 1400 ارب روپے کا قرض چھوڑ کر گئے ہیں۔مفتاح اسماعیل نے کہا کہ ایس این جی پی ایل ہر سال 100، 100 ارب روپے سردیوں میں نقصان کرتی رہی ہے اور پی ایس او کو بھی آپ پاکستان کی طرح دیوالیہ ہونے کے دہانے پر چھوڑ کر چلے گئے ہیں، ایک پیسے کا بل کلیکشن کم کیا ہے، ہم 93 فیصد پر کرکے گئے تھے یہ 80 فیصد پر لے آئے۔بعدازاں مریم نواز کے ٹویٹر پر توجہ دلانے پر وفاقی وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ ہے کہ وزیراعظم کی ہدایت پر اس بات کو یقینی بناؤں گا کہ نئے ٹیکس قانون کے حوالے سے چھوٹے تاجر مکمل طور پر مطمئن ہوں۔مفتاح اسماعیل نے کہا کہ چھوٹے تاجروں کو مطمئن کرنے کے لیے یہ کام کل سرانجام دوں گا، 150 یونٹس سے کم بل والی دکانوں کو ٹیکس سے استثنٰی دیں گے اور جو دکاندار ایف بی آر میں رجسٹرڈ نہیں ان سے 3000 روپے ٹیکس وصول کریں گے، جو مکمل اور حتمی ہوگا۔دکانوں کو کوئی ٹیکس نوٹس جاری نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی ایف بی آر افسران ان کی دکانوں پر جائیں گے۔روپے پر جلد دباؤ ختم ہوجائے گا، رواں ماہ 5 ملین ڈالر کی درآمدات ہوئیں، ہم پاکستان کو دیوالیہ ہونے سے بچالیا ہے اب پاکستان کو ایک اچھی کیلیے کام کررہے ہیں، جس کے نتائج اگلے ماہ سے سامنے آئیں گے اور اگست میں روپے پر سے دباؤ کم ہوجائے گا۔مفتاح اسماعیل ان کا کہنا تھا کہ 3.8 ارب ڈالر کی پیٹرولیم مصنوعات خریدی تھیں جن کی ادائیگیاں جولائی میں کی گئیں جس کے باعث روپے کے اوپر بہت دباؤ آیا کیونکہ ادائیگیاں زیادہ تھیں جبکہ ڈالر کی آمد کم تھی۔وزیرخزانہ نے کہا کہ رواں ماہ ہمیں 80 کروڑ ڈالر اسٹیٹ بینک کو زیادہ دینے پڑے کیونکہ درآمدات، ادائیگیاں، ترسیلات زر ملا کر ہمیں 80 کروڑ ڈالر کا خسارہ ہوا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ چونکہ جولائی میں درآمدات کی رسائی کم ہے لہٰذا اس کی ادائیگیاں بھی کم ہوں گی چنانچہ ہم دیکھیں گے کہ اگست سے یہ دباؤ ختم ہوجائے گا اور جو 5 ارب ڈالر کی درآمد ہوئی ہے وہ جون کے 7.7 ارب ڈالر کے مقابلے 2.7 ارب ڈالر کم ہے جس سے ہمیں فائدہ ہوگا۔ان کا مزید کہنا تھا کہ کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی گاڑیوں، موبائل فونز اور گھریلو برقی آلات کی درآمد سے پابندی ہٹانے کی منظوری دے چکی ہے جس کے بعد اسے وزیراعظم اور کابینہ کی منظوری کے لیے بھیجا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال ساڑھے 17 ارب ڈالر کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ تھا جس کی وجہ سے ہم یہاں پہنچے، ہم نے عزم کیا ہے کہ ہم ایک آدھ سال میں اسے سرپلس میں بدلنے کی کوشش کریں گے جس کے لیے فی الفور درآمد کم کرنے کی کوشش کی جس میں ہم کامیاب رہے اور اب برآمدات بڑھانے کی کوششیں کریں گے لیکن دیوالیہ ہونے کا بڑا خطرہ دور ہوگیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ہم نے اقتدار سنبھالنے کے 3 ماہ میں ایسا کچھ نہیں کیا کہ جس سے روپے کی قدر کم ہو یا ملک دیوالیہ ہونے کی نہج پر پہنچے، جو شخص اس نہج پر لے کر آیا تھا وہ تو عمران خان اور پی ٹی آئی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# مقامی بلیچ بورڈ، درآمدی ومقامی آفسیٹ، آرٹ کارڈ وپیپر، فوٹو کاپی پیپر اور اسٹیکر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی تیزی دیکھنے میں آئی اور 3اگست 2022 کوختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈ وآرٹ کارڈ، نیویا آرٹ پیپرمیٹ / گلوس چائنا، مقامی بلیچ بورڈ ایلیگینٹ سنچری، اسٹرلنگ سنچری، کپ بورڈ سوان سنچری، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، آفسیٹ پیپر اپریل فائن انڈونیشیا، اسٹیکر پیپر ایکنا، پاورٹیک چائنا،نیکسز پرو چائنا، وائی ایم سی چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈ و آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈ وڈیلی تمام سائز تمام گرام، 415 روپے سے بڑھ کر 430 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 365 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 365 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 140 روپے سے کم ہو کر 138 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی بلیچ بورڈ ایلیگنٹ سنچری کی 215 گرام تک کی ریل 374 روپے سے بڑھ کر 385 روپے فی کلو اور شیٹس 374 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ جبکہ 215 گرام سے زائد کی ریل 374 روپے سے بڑھ کر 380 روپے اور شیٹس 374 روپے سے بڑھ کر 385 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی بلیچ بورڈ اسٹرلنگ سنچری کی 130 اور زائد گرام کی ریل 323 روپے سے بڑھ کر 365 روپے اور شیٹس 329 روپے سے بڑھ کر 370 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ کپ بورڈ سنچری سوان کی 190 تا 300 گرام کی ریل 340 روپے سے بڑھ کر 385 روپے اور شیٹس 347 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 415 روپے سے بڑھ کر 430 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 410 روپے سے بڑھ کر 420 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر اپریل فائن انڈونیشیا تمام سائز 70، 80 اور 100 گرام، 405 روپے سے بڑھ کر 410 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 53 گرام، 220 روپے سے بڑھ کر 225 روپے، تمام سائز 60 گرام، 220 روپے سے بڑھ کر 225 روپے، تمام سائز 63 گرام، 220 روپے سے بڑھ کر 225 روپے، تمام سائز 68 گرام، 220 روپے سے بڑھ کر 225 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 68 گرام، 235 روپے سے بڑھ کر 240 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1050 روپے سے بڑھ کر 1070 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1050 روپے سے بڑھ کر 1070 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1120 روپے سے بڑھ کر 1190 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1050 روپے سے بڑھ کر 1080 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 13-F4B۔70 گرام، 1200 روپے سے بڑھ کر 1220 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔ 70 گرام، 1300 روپے سے بڑھ کر 1320 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1035 روپے سے بڑھ کر 1060 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1100 روپے سے بڑھ کر 1130 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1170 روپے سے بڑھ کر 1240 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1030 روپے سے بڑھ کر 1050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام، A4 سائز 1040 روپے سے بڑھ کر 1060 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ، 20x30 سائز، 3850 روپے سے بڑھ کر 3900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاورٹیک چائنا 20x30 سائز، 2900 روپے سے بڑھ کر 3100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 2850 روپے سے بڑھ کر 2950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2950 روپے سے بڑھ کر 3050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## کنٹینرز کی کلیئرنگ نہ ہونے سے درآمد کنندگان کو مشکلات

حیدرآباد (بزنس ڈیسک) حیدرآباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عدیل صدیقی نے اپنے بیان میں کہا کہ ڈالر دستیاب نہ ہونے کے باعث کراچی پورٹ پر ہزاروں کنٹینرز کی کلیئرنگ میں درآمد کنندگان کو مشکلات پیش آرہی ہیں، حکومت کی ناقص پالیسی کے باعث کنٹینر کلیئرنس میں پھنسے ہوئے ہیں، درآمد کنندگان کو ڈیمریج کی صورت میں بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، حکومت درآمد کنندگان کو ڈیمریج میں چھوٹ دے، کنٹینرز میں صنعتوں میں استعمال ہونے والا خام مال، کیمیکل، بائی سائیکل پارٹس، شیمپو، کاسمیٹکس اور فریش کوکونٹ موجود ہیں، غذائی مصنوعات کے خراب ہونے کا بھی خدشہ ہے، انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کی ناقص پالیسی سے تاجر برادری پریشان ہے، کویڈ 19 میں بھی تاجر برادری کو ایسے حالات کا سامنا نہیں کرنا پڑا، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی پالیسی سے دنیا کو یہ پیغام جاتا ہے کہ مملکت خداداد پاکستان خدانخواستہ دیوالیہ ہورہا ہے، جبکہ ایسا نہیں ہے، ملک میں افراتفری پھیلائی جارہی ہے، مارکیٹوں میں مال کی قلت سے عوام میں بے چینی پیدا ہوگی۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
*24 X 34 23 X 36*

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پاکستان کے اثاثے دوست ممالک کو فروخت کرنے کیلئے بین الحکومتی تجارتی ٹرانزکشن بل 2022 قومی اسمبلی میں پیش

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت نے قومی اسمبلی میں پاکستان کے بیرونی ممالک کے ساتھ معاشی و کاروباری ٹرانزکشن کے لیے راغب کرنے اور تجارتی لین دین میں سہولیات کے بین الحکومتی فریم ورک معاہدے کے لیے میکنزم مرتب کرنے کا بل پیش کر دیا، بین الحکومتی تجارتی ٹرانزکشن بل 2022 پارلیمانی سیکریٹری قانون وانصاف مہناز اکبر نے قومی اسمبلی میں پیش کیا جو بین الحکومتی تجارتی ٹرانزکشن ایکٹ 2022 کہلائے گا، مجوزہ ایکٹ کے تحت وفاقی حکومت کابینہ کمیٹی کی سفارش پر نوٹیفکیشن کے ذریعے بین الحکومتی کمرشل ٹرانزکشن کے لیے ریگولیٹری ضروریات اور اقدامات میں کمی یا مکمل چھوٹ دے سکے گی اور وفاقی حکومت کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی بین الحکومتی معاہدے میں ریگولیٹری کمپلائنس سے استثنیٰ دے دے اور کسی طرح کی بھی پابندیوں، حدود یا شرائط میں رعایت دے اور معاہدے پر عملدرآمد کرائے، اس قانون کے تحت وفاقی حکومت بین الحکومتی کمرشل ٹرانزکشن کے لیے ایک کابینہ کمیٹی تشکیل دے گی اس کمیٹی کا بنیادی مقصد مذاکرات اور بین الحکومتی معاہدے میں شامل ہونے کی منظوری دینا ہے اور ریاستی ملکیت کی کمپنیوں (ایس او ایز) کے کسی دوسرے ملک کے ساتھ کمرشل وینچر کی اجازت دینا ہوگا خواہ یہ وینچر پاکستان میں ہو یا کسی دوسرے ملک میں ہو۔

# کراچی کے تاجروں کو بجلی کے غلط بلز بھیجنے کا اعتراف کرتے ہیں، وزیرخزانہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر قائد میں بجلی کے بلوں پر سیلز ٹیکس کے معاملے پر وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل نے بجلی کے بلز غلط بنائے جانے کا اعتراف کرلیا۔ ذرائع کے مطابق کراچی میں بجلی کے بلوں پر سیلز ٹیکس کے معاملے پر وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل نے ایم کیو ایم کے ذریعے تاجروفد سے ٹیلی فونک رابطہ کرتے ہوئے اعراف کیا کہ بجلی کے بلز غلط بنائے گئے ہیں۔ انہوں نے تاجروں کو بتایا کہ بجلی کے بلوں کی درستگی کے لیے کے الیکٹرک کے سربراہ کو اسلام آباد طلب کرلیا ہے۔ آل کراچی سٹی تاجر اتحاد کے چیئرمین شرجیل گوپلانی کا کہنا تھا کہ وزیرخزانہ کی جانب سے بجلی کے بلوں میں شامل جی ایس ٹی سمیت دیگر ختم ٹیکس کرانے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے اور جمعہ 5 اگست کو کراچی کے تاجروں کے ساتھ ملاقات کا وعدہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تاجروں کو ٹیکس ادائیگی کے لیے علیحدہ چالان فراہم کرنے پر بھی بات ہوئی ہے۔ تاجر ایکشن کمیٹی کے سربراہ محمد رضوان نے وزیرخزانہ سے بجلی کے بلوں میں سیلز ٹیکس فی الفور ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کے تاجر سب سے زیادہ ٹیکس دیتے ہیں اور وہ ٹیکس دینا چاہتے ہیں لہذا کراچی کے تاجروں سے ملاقات کرکے فکسڈ ٹیکس کا آسان سسٹم رائج کیا جائے۔

## کرنسی بحران کے باوجود لگژری آئٹمز کی درآمد پر پابندی ختم

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) اقتصادی رابطہ کمیٹی نے دو ماہ بعد گاڑیوں، موبائل فون اور گھریلو برقی استعمال کی اشیاء کے علاوہ پر تعیش مصنوعات کی درآمد پر پابندی ختم کردی جبکہ یکم جولائی کے بعد بندرگاہوں پر آنے والی پرتعیش درآمدی اشیاء کی کنسائمنٹس (ماسوائے گاڑیوں، موبائل فون اور گھریلو برقی اشیاء) کو 25 فیصد سرچارج کی ادائیگی پر کلیئر کرنے کی بھی اجازت دے دی، ای سی سی کا اجلاس وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل کی زیر صدارت میں 26 جولائی کو ہوا، حکومت نے مئی میں 33 کیٹگریز کی 860 سے زائد پرتعیش اشیاء کی درآمد پر پابندی عائد کی تھی ان اشیاء پر پابندی کے بعد درآمدات میں 69 فیصد کمی ہوئی، گاڑیوں اور موبائل فون کی درآمد پر پابندی سے درآمدی بل میں 79 فیصد کمی ہوئی جبکہ جبکہ باقی 21 فیصد کمی 810 ٹیرف لائینز پر کمی سے ہوئی، جس پر ای سی سی نے دو ماہ بعد گاڑیوں، موبائل فون اور گھریلو اشیاء کے علاوہ دیگر اشیاء پر پابندی ہٹا دی ہے۔

# ٹیکس کی بنیاد بڑھانے کی تیاریاں، نادرا سے سات کروڑ افراد کے اخراجات کی تفصیل حاصل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے ٹیکس اکٹھا کرنے کے مقصد سے 72 ملین افراد کے اخراجات ان کے شناختی کارڈ کے ذریعے ٹریک کیے تاہم ان معلومات کی بنیاد پر قابل ذکر ٹیکس کے حصول کا امکان بہت کم ہے۔ نادرا نے نان فائلرز کے بارے میں تفصیلات فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو فراہم کی ہیں، مگر ٹیکس وصولی کے نقطہ نظر سے یہ معلومات بہت زیادہ کارآمد ثابت نہیں ہوسکیں۔ گذشتہ برس نومبر میں ایف بی آر نے نادرا کو تھرڈ پارٹی ڈیٹا فراہم کیا تھا تاکہ وہ آرٹیفشل انٹیلی جنس ماڈلز کی مدد سے جانچ سکے کہ ان افراد سے ٹیکس حاصل ہوسکتا ہے یا نہیں۔ ایف بی آر اور نادرا حکام کے مطابق نادرا نے اے آئی الگورتھم استعمال کرنے کے بعد رواں سال مارچ میں 43 ملین خاندانوں کے سربراہوں کا ڈیٹا ایف بی آر کو فراہم کیا تھا جو ٹیکس کے دائرے میں آ تے تھے۔ بعدازاں ایف بی آر کو خاندانوں کو 29 ملین اراکین کی معلومات فراہم کی گئیں، جس کے بعد ممکنہ ٹیکس دہندگان کی تعداد 72 ملین ہوگئی۔ اس وقت بمشکل 3 ملین انکم ٹیکس ریٹرن فائلر ہیں، حالانکہ 100 ملین افراد ٹیکس ادا کرتے ہیں، ان میں نادرا کے ڈیٹا سے شناخت کردہ افراد بھی شامل ہوسکتے ہیں۔ نادرا حکام کا کہنا ہے کہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس ماڈل کے ذریعے فراہم کی گئی معلومات کے تحت سالانہ 100 بلین روپے کا ٹیکس حاصل ہوسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر ہیڈکوارٹر میں ہونے والے حالیہ اجلاس میں وزیرخزانہ نے کہا کہ نادرا کی فراہم کردہ معلومات کی ٹیکس پوٹینشل 6 سے 7 بلین روپے سے زیادہ نہیں ہے۔ ایف بی آر نے نادرا کے فراہم کردہ ڈیٹا کے درست ہونے پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ ایک اعتراض یہ ہے کہ نادرا کے ڈیٹا میں خاندان کے سربراہ پر توجہ دی گئی ہے لیکن انکم ٹیکس کی اسسمنٹ قانون کے مطابق انفرادی سطح پر ہوتی ہے۔ نادرا حکام کا کہنا ہے کہ فیملی بیسڈ ڈیٹا ایف بی آر کی درخواست پر فراہم کیا گیا چنانچہ اپنے ہی قانون کی درست تفہیم نہ ہونے کے لیے نادرا کو مورد الزام ٹھہرانا مناسب نہیں۔

# ڈی جی غیرمنقولہ جائیداد کو ممبر آپریشن کے ماتحت کردیا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ڈائریکٹریٹ جنرل غیر منقولہ جائیداد چار سال کا عرصہ گزرنے کے بعد بھی آپریشنل نہیں ہوسکا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں انڈر رپورٹنگ، ٹیکس چوری، غیر منقولہ جائیداد کی مس ڈکلیریشن روکنے، کم ویلیو ظاہر کرنے والوں کی جائیداد زبردستی خریدنے کیلیے قائم کردہ ڈائریکٹریٹ جنرل غیر منقولہ جائیداد چار سال کا عرصہ گزرنے کے بعد بھی آپریشنل نہیں ہوسکا، نہ تو رولز جاری ہوسکے اور نہ ہی الگ سے ٹربیونلز قائم ہوسکے ہیں البتہ آئی ایم ایف کے دباؤ پر چار سال بعد فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ڈائریکٹریٹ جنرل غیر منقولہ جائیداد کو ممبران لینڈ ریونیو آپریشن کے ماتحت کردیا ہے جس کا اطلاق یکم جولائی سے کیا گیا ہے۔ دستیاب دستاویز کے مطابق ایف بی آر نے اپنے نوٹیفکیشن میں بتایا ہے کہ ڈائریکٹریٹ جنرل غیر منقولہ جائیداد ایف بی آر کے ممبران لینڈ ریونیو آپریشن کو رپورٹ کیا کرے گا۔ اس بارے میں جب فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے پہلے ڈائریکٹر جنرل غیر منقولہ جائیداد تنویز ملک سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے اس بات کی تصدیق کی کہ ایف بی آر کی طرف سے انہیں پہلے ڈی جی غیر منقولہ جائیداد کا اضافی چارج دیا گیا تھا، ان کی ریٹائرمنٹ ہوگئی اور ریٹائرمنٹ کے بعد ڈائریکٹریٹ جنرل ہی ختم کردیا گیا تھا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ غیر منقولہ جائیداد کی ویلیو ایشن اور ٹیکس سے متعلقہ تنازعات کیلئے الگ سے اپیلٹ ٹربیونل قائم کیا جائیگا جہاں غیر منقولہ جائیداد کے ٹیکس سے متعلقہ کیسوں بارے اپیل دائر ہوسکیں گی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# تعلیمی ادارے کھل گئے، درسی کتب کی عدم دستیابی، طلبا و والدین پریشان

## نویں دسویں کی بائیولوجی، اردو، ریاضی، اسلامیات اور مطالعہ پاکستان دستیاب ہیں، کیمسٹری و فزکس نہیں آئیں، موسم بہتر ہوتے ہی کتابیں دستیاب ہوں گی، عزیز خالد

## کتابیں بھجوا دیں صرف نویں و دسویں کی ریاضی نہیں آئی، پرویز بلوچ، کتابیں لینے آنیوالے والدین مایوس واپس جا رہے ہیں، کئی کتابیں نہیں آئیں، کتب فروش

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی سمیت سندھ بھر میں تمام سرکاری اور نجی اسکول یکم اگست سے کھل گئے، 2 ماہ کی موسم گرما کی تعطیلات کے بعد پیر یکم اگست کو طالب علموں کا اسکول کا پہلا دن تھا مگر نویں اور دسویں جماعت کے طلبہ و طالبات درسی کتابوں سے محروم رہے، چیئرمین سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ پرویز بلوچ کا کہنا ہے کہ تمام کتابیں بھجوادی ہیں صرف نویں و دسویں جماعت کی ریاضی کی کتاب نہیں آئی جبکہ طلبہ کا کہنا ہے کہ جلد از جلد تدریسی کتابیں مہیا کی جائیں تاکہ ہم اپنی پڑھائی شروع کر سکیں، یکم اگست سے نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوگیا ہے مگر تاحال طالب علم درسی کتابوں سے محروم رہے طلبہ و طالبات کا کہنا ہے کہ نیا تعلیمی سال شروع ہونے کے بعد بھی کتابیں میسر نہیں جبکہ یہ کام جولائی کے مہینے میں ہو جانا چاہیے تھا اس حوالے سے چیرمین سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ پرویز بلوچ کا کہنا ہے کہ تمام کتابیں بھجوادی ہیں اندرون سندھ بھی کتابیں بھجوادی گئی ہیں تاکہ وہاں کے طلبا کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ صرف نویں و دسویں جماعت کی ریاضی کی کتاب نہیں آئی چند دنوں میں یہ بھی آجائے گی۔ بارشوں کے باعث کتابوں کی ترسیل میں تاخیر ہوگئی ہے مگر ہماری کوشش ہے کہ جلد ہی کتابیں بچوں تک پہنچ جائیں، پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد کا کہنا تھا کہ نویں اور



دسویں جماعت کی بائیولوبی، اردو، ریاضی، اسلامیات اور مطالعہ پاکستان کی کتابیں دستیاب ہیں جبکہ کیمسٹری اور فزکس کی کتابیں تاحال مارکیٹ میں نہیں آئیں ان کا مزید کہنا تھا کہ حالیہ بارشوں کے باعث بازاروں میں جگہ جگہ کیچڑ، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار، سیوریج نظام درہم برہم اور گٹر ابل پڑے ہیں جس کے باعث گاڑیوں کا بازار میں داخل ہونا ممکن نہیں انھوں نے کتابیں خراب ہونے کا خدشہ ظاہر کر دیا ان کا مزید کہنا تھا کہ ہماری کوشش رہے گی کہ جلد از جلد تدریسی کتابیں فراہم کی جائیں اردو بازار میں فرید کی بک سینٹر کے نیاز نے بتایا کہ والدین کئی بار کتابیں لینے آئے مگر ان کو مایوس واپس جانا پڑا والدین کا کہنا تھا کہ تھر میں کتابیں وقت پر نہ آئیں تو بچوں کی پڑھائی کا حرج ہوسکتا ہے جس کا نقصان ہم سب کو ہوگا اس حوالے سے اساتذہ کا کہنا ہے کہ درسی کتابیں نہ ہونے کے باعث طلبہ و طالبات کو کیسے پڑھائیں گے تعلیمی اداروں میں درسی کتابیں وقت سے پہلے آنی چاہئیں۔

# روپے کی قدر میں اضافہ ہونا شروع، انٹربینک میں ڈالر 10 روپے سستا

